الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> **kashif**
Address :> **karachi, pakistan**
Subject :> **ZAKAT**
Writer :> کفایۃ اللہ

Serial No :> **11025**
Fatwa No :>
Date :> **2/20/2011**
Email :>

This is an hypothetical question about zakat in my understanding nasab of zakat is

Gold 7.5 tola
OR
Silver 52.5 tola
OR
Money Equal to value of 52.5 tola silver. I am assuming it to be 47000 rupees

Suppose on the date that I calculate zakat I have

Gold 7 tola
and
Silver 50 tola
and
Money Rs.45000

Will I be considered a Sahib-e-Nisab?

یہ ایک فرضی سوال ہے زکوۃ کے متعلق
میرے خیال میں زکوۃ کا نصاب سونے میں سے
سات تولہ، چاندی میں ساڑھے باون تولہ اور رقم
وہ جو ساڑھے باون تولہ چاندی کے برابر ہو، جو کہ میں سمجھتا
ہوں 47 ہزار روپے ہوگی۔

فرض کریں جس دن میں نے زکوۃ کا حساب کیا تو میرے پاس سات تولہ سونا، پچاس تولہ چاندی
اور 45 ہزار روپے کی رقم ہے۔ کیا میں صاحبِ نصاب کہلاؤں گا؟

الجواب حامداً و مصلیاً

سونے کا نصاب ساڑھے سات تولہ (۷½) ہونا اس وقت ہے جب آدمی کے پاس صرف سونا ہی سونا ہو اور کچھ نہ ہو اور چاندی کا مذکور نصاب بھی اسی وقت ملحوظ ہوتا ہے جب کسی کی ملکیت میں چاندی ہی چاندی ہو اور کچھ نہ ہو اور اگر کسی کی ملکیت میں ان دونوں اشیاء کے علاوہ مثلاً نقدی یا مالِ تجارت وغیرہ ہو یا سوال میں مذکور طریقے سے مخلوط مال ہو تو اس صورت میں اس کا نصاب یہ ہے کہ ان تمام اموالِ زکویہ کا مالیتی مجموعہ کم از کم ساڑھے باون (۵۲½) تولہ چاندی کی مالیت کو پہنچتا ہو اور یہ قرض اور حاجاتِ اصلیہ سے فارغ ہو اور نصاب پورا ہونے کے بعد اس پر سال بھی گزر چکا ہو اس لیئے سائل بھی اگر ایسا ہو تو وہ صاحبِ نصاب ہے۔

کما فی الدر المختار: ولو بلغ باحدهما نصاباً دون الآخر تعین
مایبلغ به ولو بلغ بأحدهما نصاباً وخمساً بالآخر اقل قومه بالانفع
للفقیر۔ (ج ۲ ص ۲۹۹)۔

وفی الهندیة: وتضم قیمة العروض إلی الثمنین والذهب

(جاری ہے)

إلى الفضة كذا في الكنز الخ (ج۲ ص۱۷۹)۔

وفي الفقه الاسلامي: اشترط الحنفية كون المال الواجب فيه الزكوة فارغا عن الدين وعن الحاجة الاصلية لمالكه لان المشغول بها كالمعدوم۔ (ج۲ ص۷۵۰)۔ والله اعلم بالصواب

سید کفایت اللہ شاہ عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی نمبر۱۶
۲۴ جمادی الاول ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۱ / ۶ / ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ ...
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۵ جمادی الآخرہ ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
عبد الشکور ...
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۶ جمادی الثانی ۱۴۳۲ھ

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ

دار الافتاء
۱۱۰۲۵
۱۴۳۲/۶/۷

۱۱/۶/۱۶